**ADL/ Shabbir**

**17-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1　وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی آج آسام کے نلباڑی ضلعے میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ ٹی ایم سی سربراہ ممتا بینرجی بھی سِلچر میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گی۔

2　لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

3　آج پورے ملک میں رام نومی کی تقریبات پورے جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہیں۔

4　متحدہ عرب امارات میں تباہ کن بارش کے سبب معمول کی زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ عُمان میں 19 افراد ہلاک ہوگئے۔

5　اور IPL کرکٹ میں

کل رات کولکاتہ میں راجستھان رائلس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو دو وکٹ سے ہرایا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Election Campaign**

مختلف سیاسی پارٹیوں کی سرکردہ شخصیتیں ، لوک سبھا انتخابات کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے لئے ، ایک کے بعد ایک ریلیوں کا انعقاد کررہی ہیں۔ پہلے مرحلے کی پولنگ اِس ماہ کی 19 تاریخ کو ہوگی۔

وزیر اعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی آج آسام کے نلباڑی ضلعے میں ایک انتخابی ریلی کا انعقاد کریں گے۔ گوہاٹی میں ، کل شام بورجھار ہوائی اڈہ پہنچنے پر اُن کا شاندار استقبال کیا گیا۔

ٹی ایم سی کی سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بینرجی بھی آج سِلچر میں چناؤ مہم انجام دیں گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Manas Pratim Sarma**

وزیر اعظم نریندر مودی آج شمال مشرق میں اپنی انتخابی مہم کا آغاز NDA امیدواروں کیلئے، نلباڑی میں ایک وجے سنکلپ ریلی سے کریں گے۔ آسام کے وزیر اعلیٰ اور اُن کے، پارٹی کے ساتھی ہیمنت بسوا سرما اور آسام گن پریشد اور UPPL کے سینئر رہنما بھی اِس ریلی میں شرکت کریں گے۔

دوسری طرف ممتا بینرجی اپنے پارٹی امیدوار کیلئے سِلچر میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گی۔

کانگریس، عام آدمی پارٹی، AIUDF ، سی پی آئی ایم اور بودولینڈ پیپلز فرنٹ کے سینئر رہنما بھی آج اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

آسام میں کُل 14 سیٹوں کیلئے تین مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مانس پرتم سرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔

تریپورہ میں، پہلے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ مغربی تریپورہ لوک سبھا حلقے میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کی یہ زبردست چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔
سینئر بی جے پی رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی آج، اگرتلہ میں سوامی وویکانند گراؤنڈ میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔
اِس حلقے میں اصل مقابلہ، بی جے پی کے بپلب کمار دیب اور آئی این ڈی آئی اے بلاک سے وابستہ، کانگریس کے امیدوار آشیش کمار ساہا کے درمیان ہے۔
تریپورہ میں مغربی تریپورہ لوک سبھا حلقے اور رام نگر اسمبلی کی سات سیٹوں کے ضمنی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج سہ پہر پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔
کیرالہ میں بھی دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات **26** اپریل کو کرائے جائیں گے۔
مرکزی وزیر اور سینئر بی جے پی رہنما راجناتھ سنگھ، آج کنور ضلعے کے مختلف حلقوں میں **NDA** کے لئے چناؤ مہم انجام دیں گے۔ وہ **NDA** چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ یہ ریلی آج دوپہر **Thalassery** اور **Mattannur** میں منعقد کی جائے گی۔
ملکارجن کھڑگے ، پرینکا گاندھی ، ریونت ریڈی جیسے دیگر رہنما اور دیگر شخصیتیں آئندہ دنوں میں **UDF** مہم کے لئے کیرالہ میں موجود رہیں گی۔
**CPIM** کے جنرل سکریٹری سیتا رمن یچوری اور **CPI** جنرل سکریٹری، ڈی راجا، **LDF** مہم کے لئے کیرالہ میں موجود ہیں۔
پرکاش کارت اور برندا کارت سمیت **CPIM** کے سینئر رہنما بھی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔**x**

## LS Poll 4th Phoase Notification

لوک سبھا کے چوتھے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں میں انتخابات منعقد ہوں گے۔ آندھرا پردیش کی سبھی 25 سیٹوں، تلنگانہ کی سبھی 17 سیٹوں، اترپردیش کی 13 سیٹوں، مہاراشٹر کی 11 سیٹوں، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ آٹھ سیٹوں، بہار کی 5 سیٹوں، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ میں چار چار سیٹوں اور جموں وکشمیر کی ایک سیٹ کے لیے، اس چوتھے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔
اِس مہینے کی 25 تاریخ تک کاغذات نامزدگی داخل کیے جا سکتے ہیں۔ اس مرحلے کے لیے ووٹنگ 13 مئی کو ہوگی۔ آندھرا پردیش اسمبلی چناؤ کے واحد مرحلے اور اوڈیشہ میں اسمبلی چناؤ کے پہلے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔

## Rajasthan Election Campaign

راجستھان کی بارہ لوک سبھا سیٹوں کے لئے پہلے مرحلے کی انتخابی مہم آج شام ختم ہوری ہے۔ ان میں گنگانگر، بیکانیر، چورو، جھنجھنو، سیکر، جے پور دیہات، جے پور، الور، بھرت پور، Karauli-Dholpur ، دوسہ اور ناگور حلقے شامل ہیں۔ انتخابی مہم کے آج آخری دن بی جے پی، کانگریس، نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی، CPI (M) ، دیگر پارٹیوں اور آزاد امیدوار ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Jitendra Dwivedi - Raipur**

بی جے پی رہنما اور وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما آج الور کے کھیرتھل میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔**BJP** لیڈر **Vijay Rahatkar** بانسواڑہ میں پارٹی کی مختلف انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ ان کے علاوہ **BJP** کی سینئر لیڈر دِیا کماری دھولپور میں،

پریم چندر بیروا اجمیر میں، ششیش پونیا جالور، سروہی میں اور راجیندر راٹھور چورو میں پارٹی امیدواروں کے لئے انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ دوسری طرف کانگریس کے ریاستی صدر Govind Dotasara سیکر لوک سبھا حلقے میں مختلف مقامات پر اتحاد کے امیدوار کے حق میں عوامی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ سابق وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت اور سینئر لیڈر سچن پائلٹ کا بھی مختلف مقامات پر پارٹی کے حق میں انتخابی مہم میں حصہ لینے کا پروگرام ہے۔
جے پور سے جتیندر دویدی کی رپورٹ کیساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔

## MP Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت، مدھیہ پردیش کے **6** لوک سبھا حلقوں میں چناؤ مہم آج شام **6** بجے ختم ہوجائے گی۔ ریاست میں دوسرے مرحلے کے لئے چناؤ مہم اور تیسرے مرحلے کے لئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل، زور شور سے جاری ہے۔ **x**

## Polling Personnel

مہاراشٹر کے گڑھ چرولی **Chimur** حلقے کے اندرونی علاقے کے پولنگ مراکز کے لیے پولنگ عملے کو روانہ کردیا گیا ہے۔ گڑھ چرولی ضلع ایک دشوار گزار علاقہ ہے، انتظامیہ نے **206** پولنگ مراکز پر **850** چناوی اہلکاروں کو بھیجنے کے لیے ہیلی کاپٹروں کا استعمال کیا ہے۔

بھارت کے انتخابی کمیشن **(ECI)** نے **P3** یعنی (پولنگ کے دن سے تین دن پہلے) اس ٹرانسپورٹیشن کی اجازت دی ہے۔ یہ عمل کل صبح ساڑھے چھ بجے شروع کیا گیا تھا اور تقریبا **260** پولنگ اہلکاروں پر مشتمل **65** پولنگ پارٹیوں کو دشوار گزار پولس مراکز کے لیے روانہ کیا گیا تھا۔ اِس حلقے میں **19** اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔**x**

## SAHARANPUR CONSTITUENCEY

سہارنپور لوک سبھا سیٹ کے تحت پانچ اسمبلی حلقے ہیں۔ ان میں **Behat**، سہارنپور نگر، سہارنپور دیہات، دیوبند اور رام پور **Maniharan** شامل ہیں۔ **2012** کے اسمبلی انتخابات میں ان پانچ سیٹوں میں سے **BJP** نے تین اور ایس پی نے دو سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی۔

اس حلقے میں ووٹروں کی کُل تعداد **18** لاکھ، **44**ہزار **410** ہے۔ اس سیٹ سے **BJP** کے لکھن پال شرما، آئی این ڈی آئے اے، اتحاد کے عمران مسعود اور **BSP** کے ماجد علی انتخابی میدان میں ہیں۔ پولنگ سے پہلے تمام سیاسی پارٹیوں نے انتخابی مہم تیز کردی ہے۔

## KEY CONSTITUENCY GRAMNATHANPURAM

راماناتھاپورم میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں **19** اپریل کو آٹھ سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ **1951** سے کانگریس چھ مرتبہ، **DMK** تین مرتبہ جبکہ **AIADMK** تین مرتبہ کامیابی حاصل کر چکی ہے۔

راماناتھاپورم لوک سبھا حلقے میں **6** اسمبلی سیٹیں ہیں جن کے نام اِس طرح ہیں: تمل ناڈو میں ارنتھنگی ، تروچولی ، پراماگڑی، ترووَدانائی، راماناتھا پورم اور مُدوکُلاتُر۔ اِن سبھی اسمبلی حلقوں میں **2021** میں ڈی ایم کے اور کانگریس کو کامیابی ملی تھی۔ یہ حلقہ **1951** میں وجود میں آیا تھا۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Ram Janmotsav**

آج ایودھیا میں رام جنموتسو پورے جوش و خروش سے منایا جارہا ہے اور سیکڑوں عقیدتمند، رام مندر میں بھگوان رام کی پوجا کررہے ہیں۔
''شری رام جنم بھومی تیرتھ کشیتر ٹرسٹ'' نے، رام للا کی پیدائش کی تقریبات کیلئے رام مندر میں، ناقابل فراموش خصوصی تیاریاں کی ہیں۔
یہ مندر پانچ سو سال سے بھی زیادہ عرصے کے انتظار کے بعد تعمیر کیا گیا ہے۔
انتظامیہ نے بھی ہجوم پر قابو پانے کیلئے بھرپور انتظامات کئے ہیں۔ حفاظتی دستوں کو الگ الگ علاقوں میں سیکٹروں اور ذیلی سیکٹروں کے تحت تعینات کیا گیا ہے۔ لوگ آسانی سے درشن کرسکیں اِس کے لئے '' بھکتی پتھ'' پر خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔
ایودھیا کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ملک کے مختلف حصوں سے عقیدتمند، صبح کے وقت مقدس طور پر نہان اور دیگر رسوم پوری کرنے کے بعد بڑی تعداد میں یہاں آرہے ہیں۔ یہ لوگ رام مندر کے علاوہ شہر کے دیگر بڑے مندروں میں بھی درشن کیلئے جارہے ہیں۔
پورے شہر میں **LED** اسکرین آویزاں کئے گئے ہیں جن کے ذریعے عقیدتمند بھگوان رام کی پیشانی پر سرجو تلک کے دیدار کرسکتے ہیں۔
آج دوپہر **12** بجکر **16** منٹ پر شری رام جنموتسو کے وقت، رام للا کا ماتھا سورج کی کرنوں سے آراستہ کیا جائے گا۔
اِس موقعے پر بھگوان رام کو سونے اور چاندی کے لباس میں ملبوس کیا جائے گا اور دوپہر **12** بجکر **16** منٹ پر ''سرجو تلک'' کی رسم انجام دی جائے گی اور اُنہیں بہت سے پھلوں اور مٹھائیوں کے ساتھ ساتھ ، دھنیا پنجیری، اور پانچ متر جیسے **56** بھوگ پیش کئے جائیں گے جنہیں بعد میں عقیدتمندوں میں تقسیم کردیا جائے گا۔
تفصیل ایودھیا کے ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Rajendra Soni**

سریو ندی کے کنارے عقیدتمندوں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ لوگ مقدس نہان اور دیگر رسوم انجام دینے کے بعد، رام جنموتسو کی روایتی تقریبات میں شرکت کیلئے بڑے مندروں کا رخ کررہے ہیں۔ بہت سے لوگ بھگوان رام کے ماتھے پر ''سرجو تلک'' کے دیدار کے لئے **LED** اسکرینس پر بھی جمع ہورہے ہیں۔ بھگوان رام کو سنان کرائے جانے، اُن کے خوشبوئیں لگائے جانے نیز اُنہیں سونے اور چاندی کی بوٹیوں والے لباس میں ملبوس کئے جانے کے بعد اُنہیں پھولوں کے ہار پہنائے جائیں گے۔ دوپہر **12** بجکر **16** منٹ پر ''سرجو تلک'' کیا جائے گا ۔ اِس دوران دھنیا پنجیری، پانچ متر اور سبھی طرح کے پھل اور مٹھائیوں سمیت **56** بھوگ لگائے جائیں گے جنہیں بعد عقیدتمندوں میں تقسیم کیا جائے گا۔
اس مبارک موقعے پر آیودھیا کے گلی کوچوں میں بھگوان رام کی پیدائش سے متعلق گیت اور بھجن گونج رہے ہیں۔
ایودھیا سے راجیندر سونی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں-----------

**Rain UAE Oman**

متحدہ عرب امارات میں تباہ کن بارش اور سیلاب سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ شدید بارش کی وجہ سے اہم شاہراہوں کے حصے زیر آب آگئے۔ کُل خطے کے بہت سے حصوں میں طوفانی بارش، ژالہ باری اور گرج چمک کے بعد حکام نے لوگوں سے گھروں میں رہنے پر زور دیا ہے۔ اسکولوں میں آن لائن کلاسز کردی گئی ہیں اور سرکاری ملازمین سے گھر سے ہی کام کرنے کے لئے کہا گیاہے۔

موسمیات کے قومی مرکز نے آج تک شہریوں اور Visitors کے لئے Red Alert جاری کرکے انتہائی محتاط رہنے کو کہا ہے۔
سرکاری ذرائع نے بتایا کہ عمان میں شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے اور پیر کے روز اس کی وجہ سے شمالی Al Sharqiyah اور آدم میں کم سے کم 19 افراد ہلاک ہوگئے۔
ہلاک شدگان میں بارہ بچے اور تین خواتین شامل ہیں۔ بحرین، قطر اور سعودی عرب میں بھی شدید بارش ہوئی ہے۔

## Hundred Killed in Rains

پاکستان میں، ملک میں آئے طوفان میں کم سے کم پچاس افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ یہ بات کُل اہلکاروں نے بتائی ہے۔ حکام نے ایمرجنسی خدمات کو زیادہ چوکس رہنے کو کہا ہے۔ زیادہ تر اموات شمال مغربی صوبے خیبر پختون خوا میں ہونے کی خبر ہے، جہاں موسلہ دھار بارش اور تازہ سیلاب کے سبب مٹی کے تودے کھسکنے سے گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور پیڑ جڑ سے اکھڑ گئے ہیں۔
حکام نے اسی روز افغانستان میں بھی **50** اموات ہونے کی خبر دی ہے۔**x**

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے آئندہ چار روز کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں گرمی کی دوسری لہر آنے کی پیش گوئی کی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس طرح کے موسم کے حالات رہیں گے، کیونکہ ملک میں گرمی کا موسم پوری طرح سے آگیا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نگار سے:

**V/C Adarsh**

**IMD** نے پیشگوئی کی ہے کہ آج گوا، مہاراشٹر اور گجرات کے زیادہ تر حصوں میں گرمی کے حالات جاری رہیں گے۔ مشرقی ساحل کے ساتھ ساتھ آندھرا پردیش، تلنگانہ اور پڈوچیری کے زیادہ تر حصوں میں اس مہینے کی **18** تاریخ تک اور اوڈیشہ اور مغربی بنگال میں اس مہینے کی **20** تاریخ تک گرمی کے حالات رہیں گے۔
موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ آج کرناٹک، کیرالہ میں اور کُل تک گجرات کے زیادہ تر حصوں میں گرمی اور اُمس کا موسم رہے گا اور اگلے چار روز کے دوران مغربی بنگال، تملناڈو، پڈوچیری اور آندھرا پردیش کے زیادہ تر حصوں میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔

اِس دوران **IMD** نے شمال مشرقی بھارت اور مغربی بنگال میں اس مہینے کی **21** تاریخ تک برفباری، گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی بھارت میں گوا، مہاراشٹر اور گجرات میں اگلے دو روز کے دوران کہیں کہیں گرج چمک اور بارش کے حالات میں کمی آئے گی۔
موسمیات سے متعلق ایجنسی نے بتایا ہے کہ اگلے دو روز کے دوران وسطی، مشرقی اور جنوبی بھارت کے حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کا جبکہ اگلے تین روز کے دوران مہاراشٹر میں دو سے تین دن ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوگا۔ ملک کے باقی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔
آدرش کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....................

**IPL RR Win**

**IPL** کرکٹ میں، کل رات کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں راجستھان رایلز نے کولکتہ نائٹ رائڈرس کو **2** وکٹ سے ہراکر جیت حاصل کی۔

اِس سے پہلے راجستھان رایلز کے کپتان **Sanju Samson** نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ کولکتہ نائٹ رائڈرس نے مقررہ **20** اوورس میں چھ وکٹ کے نقصان پر کُل **223** رن بنائے، جبکہ راجستھان رایلز نے **20** اوورس میں آٹھ وکٹ کے نقصان پر **224** رن اسکور کیے۔

راجستھان رایلز **12** پوائنٹ کے ساتھ فہرست میں سب سے اوپر ہے، جبکہ **KKR** آٹھ پوائنٹس کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔

آج احمد آباد کے نریندر مودی کرکٹ اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔**x**

یہ تھیں خبریں

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے سول سروسز امتحان 2023 کے نتائج کے اعلان سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: سول سروسز امتحان 2023 کے نتائج کا اعلان۔ ایک ہزار 16 امیدوار کامیاب۔ لکھنو کے آدتیہ سریواستو ٹاپر۔ اخبار پرتاپ نے وزیراعظم مودی کے اس بیان کو اہم خبر بنایا ہے کہ اپوزیشن کو آئین کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ ہندوستان ایکسپریس نے چھتیس گڑھ میں پولیس اور نکسلیوں کے درمیان مڈبھیڑ میں 29 نکسلیوں کے ہلاک ہونے کی خبر کو اپنی پہلی خبر بنایا ہے۔

اخبارات نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے حوالے سے لکھا ہے کہ افسران کو آئیڈیا اورٹکنالوجی سے اپنے کام کو بڑھانا چاہیے۔ وادی کشمیر میں کشتی حادثے میں چار بچوں سمیت سات افراد کے ہلاک ہونے کی خبر کو اخبار انقلاب نے قومی صفحے پر جگہ دی ہے۔

اخباروں کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- اسرائیل کی ایرانی حملے کا بھرپور جواب دینے کی دھمکی
- ایران اور اسرائیل کے درمیان مزید کشیدگی کو روکنے کی کوشش کر رہے ہیں: امریکی وزیر خارجہ کا بیان
- ایران کی جوہری تنصیبات کو اسرائیل نشانہ بنا سکتا ہے: جوہری توانائی کے عالمی ادارے کے سربراہ کا بیان۔
- اردن کی فضائیہ نے ممکنہ دراندازی کے خطرے کے پیش نظر نگرانی تیزکردی۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی آج آسام کے نلباڑی ضلع میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ ٹی ایم سی سربراہ ممتا بینرجی بھی سِلیگُڑی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گی۔

2 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

3 آج پورے ملک میں رام نومی کی تقریبات پورے جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہیں۔

4 متحدہ عرب امارات میں تباہ کن بارش کے سبب معمول کی زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ عُمان میں 19 افراد ہلاک ہوگئے۔

5 اور IPL کرکٹ میں
کل رات کولکاتہ میں راجستھان رائلس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو دو وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------